Governament of Telangana

DISTRICT COMMON EXAMINATION BOARD

MODEL QUESTION PAPER

First Language URDU

نمونہ پرچہ سوالات (**ماڈل پیپر**)

VI Class | Marks: 80 | Time: 2:45 Hrs

ہدایات:۔

(1) 15 منٹ پرچہ سوالات کو پڑھنے اور سمجھنے کیلئے مختص کئے گئے ہیں۔ باقی ڈھائی گھنٹے امتحان لکھنے کیلئے۔

(2) جوابات جوابی بیاض میں لکھیئے۔

سمجھنا۔ اظہار خیال کرنا۔

(الف) ذیل کی عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیئے۔ **5x1=5**

ایک سال ہونے میں ابھی ایک ہفتہ باقی تھا۔ ہفتہ کے آخری دن مشرق کی سمت سے چھوٹا شہزادہ لوٹ آیا۔ اس کے ساتھ ایک دبلا پتلا بھکاری نما آدمی تھی۔ جس کے کپڑے پرانے اور میلے تھے اور ان میں جگہ جگہ پیوند لگے تھے۔ سر پر ٹوپی تھی اور نہ پیر میں جوتی۔ ڈری ڈری آنکھوں سے ادھر ادھر دیکھ رہا تھا۔ تین شہزادے اسے دیکھ کر ہنسنے لگے۔ چوتھے شہزادے نے بادشاہ سے کہا ابا حضور میں آپ کے حکم کے مطابق سب سے دردمند انسان کی تلاش میں در بدر بھٹکتا پھرا ہوں۔ اس دنیا میں دردمند انسانوں کا ملنا مشکل ہے۔ سب سے بڑے دردمند انسان کی تلاش تو اور بھی مشکل ہے۔

1۔ چوتھا شہزادہ کب لوٹ آیا؟

2۔ شہزادے کے ساتھ جو آدمی تھا وہ بھکاری نما کیوں لگ رہا تھا؟

3۔ تین شہزادے بھکاری آدمی کو دیکھ کر کیوں ہنس رہے تھے؟

4۔ چوتھا شہزادہ کس کی تلاش میں در در بھٹکتا پھر رہا تھا؟

5۔ چوتھا شہزادہ سب سے درمند انسان کی تلاش میں کیوں نکلا؟

(ب) ذیل کی نظم کو مکمل کیجئے۔ **5x1=5**

6۔ کرتے ہیں مسافر کو محبت سے اشارے

اے وادی گنگا تیرے شاداب نظارے

خوشبو سے مہکتے ہوئے دریا کے کنارے
یہ چاندنی رات اور یہ پرخواب فضائیں

_ _ _ _ _ _ _ _ _ _ _ _ _ _ _ _

سبز کے کام ہجوم اور یہ شاداب فضائیں

_ _ _ _ _ _ _ _ _ _ _ _ _ _ _ _

(ج)۔ ذیل کی عبارت پڑھ کر پانچ سوالات بنائیے۔ **5x2=10**

سلطان محمود غزنوی کی حکومت کا زمانہ تھا۔ شہر غزنی کے ایک سوداگر نے دو ہزار اشرفیوں کی اک تھیلی شہر کے قاضی کے پاس بطور امانت رکھی اور خود تجارت کیلئے کچھ مال لے کر ایک قافلہ کے ساتھ سفر پر روانہ ہو گیا۔ اتفاق سے راستے میں قافلہ پر ڈاکوؤں نے حملہ کر دیا اور دوسرے قافلے والوں کی طرح سوداگر کا سامان لوٹ لیا۔

وہ بے چارا روتا پیٹتا ایک مدت کے بعد غزنی واپس آیا اور اپنی تھیلی واپس لینے کیلئے قاضی کے پاس پہنچا۔ قاضی نے اس کی تھیلی اس کے حوالے کر دی۔ سوداگر نے تھیلی کو ہاتھوں سے ٹٹول کر دیکھا تو اسے پتہ چلا کہ تھیلی میں سونے کی اشرفیوں کی جگہ تانبے سے پیسے بھرے ہوئے ہیں۔

ازخود لکھنا۔

(الف) حسب ذیل سوالات کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھیئے۔ **4x4=16**

12۔ بڑوں کی عزت اور چھوٹوں کی شفقت سے کیا مراد ہے۔ آپ چھوٹوں پر کس طرح شفقت کرو گے؟

13۔ کھیلوں سے ہمیں کیا فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ لکھیئے۔

14۔ شاعر اس نظم کا عنوان ''ریل اور قومی یکجہتی'' کیوں دیا ہے؟

15۔ خواجہ الطاف حسین حالؔی کا تعارف پیش کیجئے۔

(ب) ذیل کے سوالات کے جوابات 10 تا 12 جملوں میں لکھیئے۔ **2x8=16**

16۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو محسن انسانیت کیوں کہا جاتا ہے؟

یا

چرواہے کی دربار میں آنے سے پہلے اور بعد والی زندگی میں کیا فرق ہے وضاحت کیجئے۔

17۔ انسان کو اللہ تعالیٰ نے کون کونسی نعمتوں سے نوازہے گنوایئے۔

یا

نظم وادی گنگا میں شاعر نے جو منظر کشی کی ہے اپنے الفاظ میں لکھیئے۔

تخلیقی اظہار۔

(ج) ذیل سے کوئی ایک سوال کا جواب تفصیل سے لکھیئے۔ **1x8=8**

18۔ نظم خدا کی شان کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیئے۔

19۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پاک پر ایک مضمون لکھیئے۔

20۔ گرما کی چھٹیوں میں آپ حیدرآباد جانا چاہتے ہیں ٹکٹ بک کروانے کیلئے کلرک سے کس طرح استفسار کریں گے۔

آپ:۔ .....

کلرک:۔ .....

زبان شناسی۔

(الف) مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ **2x1=2**

21۔ اہل وطن:.....

22۔ گھپ اندھیرا:.....

(ب) خط کشیدہ الفاظ کے موزوں معنی کا انتخاب کیجئے اور قوسین میں لکھیئے۔ **8x1=8**

23۔ نادان دوست سے دانا دشمن بہتر ہے۔ ( )

(a) بے وقوف۔ (b) عقلمند۔ (c) جاہل (d) بزدل

24۔ جب رت بدلتی ہے تو کسان بھی اپنی فصل بدلتے ہیں۔ ( )

(a) موسم (b) رخ (c) بادل (d) برسات

25۔ صبح سویرے اوس کے گرنے سے میدان گیلا ہو جاتا۔ ( )

(a) پانی (b) پانی (c) شبنم (d) برف

26۔ کسان بارش کیلئے بے تابی سے انتظار کرتے ہیں۔ ( )

(a) بے چینی (b) ہوشیاری (c) چالاکی (d) حکمت

(ب) مندرجہ ذیل جملوں میں خط کشیدہ الفاظ کی ضد کا انتخاب کر کے قوسین میں لکھیئے۔

27۔ اُٹھی شاخ گل سبزہ کو چوم کر۔ ( )

(a) درخت (b) خار (c) پھل (d) ٹہنی

28۔ خدا کے برگزیدہ بندے شب کی تاریکی میں عبادت کرتے ہیں ( )

(a) رات (b) اندھیرا (c) صبح (d) دن

29۔ بادشاہ کو بیماری لاحق ہوگئی۔ ( )

(a) زندگی (b) صحت (c) موت (d) علالت

30۔ خوشی سے ہر ایک جانور بولتا ہے۔ ( )

(a) تندرستی (b) مسرت (c) غم (d) شادمانی

(ج) ذیل کے سوالات کے جواب ایک جملہ میں لکھیئے۔ **10x1=10**

31۔ ثانیہ نیک لڑکی ہے اسم کی نشاندہی کیجئے۔

32۔ بے معنی لفظ کو کیا کہتے ہیں۔

33۔ وہ کلمہ جو اسم کی کیفیت یا خصوصیت کو ظاہر کرے کیا کہلاتے ہیں۔

34۔ وہ کلمہ جو اسم کے بجائے استعمال ہوتا ہے کہلاتا ہے۔

35۔ وہ حروف جو اک لفظ کو دوسرے لفظ سے جوڑتے ہیں کہلاتے ہیں۔

36۔ احمد شیر کی طرح بہادر ہے یہ کس کی مثال ہے۔

37۔ سبحان اللہ! ماشاءاللہ! واہ واہ کونسے حروف کہلاتے ہیں۔

38۔ متعلق فعل کی نشاندہی کیجئے۔ ندیم تیز تیز دوڑ رہا ہے۔

39۔ وہ کلمہ جو کسی کام کرنے یا ہونے کو ظاہر کرے کہلاتا ہے۔

40۔ صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے۔ متضاد الفاظ کی نشاندہی کیجئے۔

ختم شد